بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ

# بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ

# Bihar State Madrasa Education Board

5,Vidyapati Marg Patna-800001

## فوقانیہ ومولوی امتحانات 2026 کے امتحان فارم کا آغاز 16 اگست سے: سلیم پرویز چیئرمین، مدرسہ بورڈ

## طلباوطالبات 2026 کے امتحان میں شامل ہونے کیلئے مقررہ تاریخ تک اپنا امتحان فارم بھرنا یقینی بنائیں: دلشاد مستقیم، کنٹرولر آف اگزامنیشن

پٹنہ (پریس ریلیز)

دلشاد مستقیم، کنٹرولر آف اگزامنیشن بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ نے بحکم چیئرمین جناب سلیم پرویز چیئرمین مدرسہ بورڈ تمام ملحقہ مدارس کے پرنسپل، صدرالمدرسین، طلبہ وطالبات وگارجین حضرات کو اطلاع دی ہے کہ درجہ فوقانیہ ومولوی امتحانات 2026 کا امتحان فارم بھرنے کا آغاز مورخہ۔16 اگست 2025 سے ہوگا جس کی آخری تاریخ 06 ستمبر 2025 مقرر کی گئی ہے۔اس ضمن میں درجہ فوقانیہ ومولوی معیار کے مدارس کے صدر مدرسین کو ہدایت دی جاتی ہے کہ طلباء وطالبات کا فارم متعینہ وقت کے درمیان بھرنا یقینی بنائیں تاکہ طلبا وطالبات سال 2026 کے امتحان میں شامل ہوسکیں۔ واضح ہو کہ درجہ فوقانیہ کیلئے فیس فی امیدوار مبلغ۔900 روپۓ اور مولوی کیلئے 1000 روپۓ مقرر کی جاتی ہے۔

کنٹرولر آف اگزامنیشن، بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ نے مزید بتایا کہ مدرسہ بورڈ کے متحرک وفعال، محسن قوم وملت چیئرمین جناب سلیم پرویز نے ریاست بہار کی عوام کو بتایا ہے کہ معزز وزیر اعلیٰ بہار، جناب نتیش کمار کی رہنمائی میں بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ ترقی کے منازل طے کر رہا ہے۔انہوں نے یہ بھی واضح کیا ہے کہ بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ کا جدید نصاب ہندوستان کے ماہر تعلیم کے ذریعہ تیار کیا گیا ہے۔ جس میں درجہ اول سے درجہ وسطانیہ تک مذہبی کتابوں کے ساتھ ساتھ۔ ایس۔سی۔ای۔آر۔ٹی کی کتابیں اور درجہ فوقانیہ ومولوی میں مذہبی کتابوں کے ساتھ۔این۔سی۔ای۔آر۔ٹی کی کتابیں شامل نصاب کی گئی ہیں۔مزید انہوں نے کہا کہ درجہ مولوی میں چار اسٹریم مولوی آرٹس، مولوی سائنس، مولوی کامرس اور مولوی اسلامیات ہے۔مدرسہ بورڈ کے اسناد کو دیگر بورڈ کے اسناد کے مساوی منظوری حاصل ہے، اس لئے مدرسہ بورڈ کے اسناد کسی بھی سرکاری ملازمت میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔دیگر اداروں میں بھی اعلیٰ تعلیم کیلئے مدرسہ بورڈ کے اسناد قابل قبول ہیں۔ جناب سلیم پرویز، چیئرمین مدرسہ بورڈ نے بتایا کہ امسال سے دیگر بورڈ کے اسناد کے مطابق مدرسہ بورڈ سے جاری اسناد میں بھی امیدوار کی تصویر چسپاں کی جائے گی تاکہ مدرسہ بورڈ بھی دیگر بورڈ کے اسناد سے مماثلت ہوجائے۔ساتھ ہی تمام ملحقہ مدارس کے صدرالمدرسین کو ہدایت دی ہے کہ امیدوار کے فارم کو پر کرنے سے قبل تصویر کی تصدیق اپنی سطح سے یقینی طور پر کرلیں۔

دلشاد مستقیم، کنٹرولر آف اگزامنیشن بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ نے مدارس کے مدرسین سے امید ظاہر کی ہے کہ وہ اپنی توجہ اس جانب مبذول کراتے ہوئے زیادہ سے زیادہ تعداد میں اپنے قوم کے بچوں کو فوقانیہ ومولوی امتحانات میں شامل کرانے کی بھرپور کوشش کریں گے اور قوم وملت کے بچوں کا مستقبل روشن بنائیں گے۔ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ فارم بھرنے میں اگر کسی طرح کی کوئی دشواری ہو تو درج ذیل نمبروں پر رابطہ قائم کریں مگر وقت مقررہ پر فارم بھرنا یقینی بنائیں چونکہ سبھی امتحانات اکیڈمک کلینڈر کے مطابق وقت مقررہ پر منعقد ہوگا انشاءاللہ۔8235300798، 7033438555، 9708712422

15/8/25

(دلشاد مستقیم)

ناظم امتحانات

بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ